# اشاعت خاص

## یوم آزادی پاکستان



Registration No.3942 www.idealpakistannews.com ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ آئیڈیل پاکستان ملتان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351 ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ










### پاکستان پیپلز پارٹی ویمن ونگ کی طرف سے

# ہیوسٹن امریکہ میں یوم آزادی پاکستان نہایت جوش و خروش سے منایا گیا

## انتہائی سادہ مگر پروقار تقریب کی صدارت پیپلز پارٹی ویمن ونگ امریکہ کی صدر نصرت لغاری نے کی



















(رپورٹ آئیڈیل پاکستان) پاکستان پیپلز پارٹی ویمن ونگ کی طرف سے ہیوسٹن امریکہ میں یوم آزادی پاکستان نہایت جوش وخروش سے منایا گیا۔انتہائی سادہ مگر پروقار تقریب کی صدارت پیپلز پارٹی ویمن ونگ امریکہ کی صدر نصرت لغاری نے کی۔اس موقع پر پیپلز پارٹی ویمن ونگ امریکہ کی عہدیداران سمیت پیپلز پارٹی کے دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔اس موقع پر پاکستان کی 77 ویں سالگرہ کا کیک کاٹا گیا۔نصرت لغاری نے اپنے بیان میں کہا کہ ہم اپنے وطن کی مٹی سے بے پناہ محبت کرتے ہیں۔ہمیں پاکستان میں ماں کی گود جیسا سکون محسوس ہوتا ہے۔ہم پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے شب و روز دعا گو ہیں اور پاکستان کی خواتین اور خصوصاً بچیوں کی تعلیم و ترقی کے کیے نہ صرف جذبہ رکھتے ہیں بلکہ عملی طور پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔اور بہت جلد ایک منظّم اور جامع پلان کے ساتھ بچیوں کی تعلیم و ہنر اور روزگار کے لیے کام شروع کر رہے ہیں۔سالگرہ کی اس تقریب میں ان کے ہمراہ نصرت لغاری صدر پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین یو ایس اے راحیلہ عدیل، انجم کامران، شہلا معروف، فرحانہ مرزا، حنا معین، سیما شاہد، کاشف خان، علی رضوی اور دیگر نے شرکت کی۔


































